چارزانو سونے سے وضو ٹوٹنے کا مسئلہ

فتوی نمبر: WAT-593

تاریخ اجراء: 24رجب المرجب1443ھ /26فروری2022

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی باوضو شخص چارزانو بیٹھا بیٹھا گہری نیند میں سو گیا تو کیا اس کا وضو ٹوٹ جائے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

چارزانو بیٹھ کر گہری نیند سونے سے وضو نہیں ٹوٹے گا کہ اس صورت میں سرین جمے رہتے ہیں اور سرین جمے رہنے کی صورت میں گہری نیند سے وضو نہیں ٹوٹتا ہاں اگر چارزانو اس طرح سویا کہ سر رانوں یا پنڈلیوں پر ہے کہ دونوں سرین جمے نہ رہے ہوں تو اس صورت میں وضو ٹوٹ جائے گا۔ تفصیل اس میں یہ ہے کہ:

نیند سے وضو ٹوٹنے کے لیے دو شرائط ہیں:

(1) اول یہ کہ دونوں سرین اس وقت خوب جمے نہ ہوں۔

(2) دوسری یہ کہ ایسی ہیئت پر سویا ہو جو غافل ہو کر نیند آنے کو مانع نہ ہو۔ جب یہ دونوں شرطیں جمع ہوں گی تو سونے سے وضو جائے گا اور ایک بھی کم ہے تو نہیں۔

پس جس صورت میں سر رانوں یا ساقوں پر نہیں ہے اور چارزانو سویا ہے تو ایسی صورت میں نیند گہری بھی ہو تو وضو نہیں ٹوٹے گا کہ پہلی شرط نہیں پائی جارہی یعنی سرین اٹھے ہوئے نہیں بلکہ خوب جمے ہوئے ہیں اور اگر سر رانوں یا ساقوں پر ہے تو ایسی صورت میں پہلی شرط پائی جارہی ہے یعنی سرین جمے ہوئے نہیں لہذا وضو ٹوٹ جائے گا۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

محمد عرفان مدنی عطاری

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net